تکبیر تحریمہ کے بعد پڑھی جانے والی ایک اور دعا

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

اَللّٰھُمَّ بَاعِدۡ بَیۡنِیۡ وَبَیۡنَ خَطَایَایَ، کَمَا بَاعَدۡتَّ بَیۡنَ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ، اَللّٰھُمَّ نَقِّنِیۡ مِنَ الۡخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی الثَّوۡبُ الۡاَبۡیَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اَللّٰھُمَّ اغۡسِلۡ خَطَایَایَ بِالۡمَاءِ وَالثَّلۡجِ وَالۡبَرَدِ

ترجمہ:

اے اللہ! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان (ایسی) دوری پیدا فرما دے جیسی دوری تو نے مشرق اور مغرب کے درمیان فرمائی ہے۔ اے اللہ! مجھے گناہوں سے پاک صاف فرما دے جس طرح کہ سفید کپڑا مَیل سے پاک صاف کیا جاتا ہے۔ اے اللہ! میرے گناہوں کو پانی، برف اور اولوں سے دھو دے۔

صحیح مسلم کی حدیث مبارک میں ہے: عن أبي هريرة، قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم، إذا كبر في الصلاة، سكت هنية قبل أن يقرأ. فقلت: يا رسول الله! بأبي أنت وأمي! أرأيت سكوتك بين التكبير والقراءة، ما تقول؟ قال: أقول: اَللّٰھُمَّ بَاعِدۡ بَیۡنِیۡ وَبَیۡنَ خَطَایَایَ، کَمَا بَاعَدۡتَّ بَیۡنَ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ، اَللّٰھُمَّ نَقِّنِیۡ مِنَ الۡخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی الثَّوۡبُ الۡاَبۡیَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اَللّٰھُمَّ اغۡسِلۡ خَطَایَایَ بِالۡمَاءِ وَالثَّلۡجِ وَالۡبَرَدِ ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کے لیے تکبیر (تحریمہ) کہتے تو قراءت شروع کرنے سے پہلے تھوڑی دیر خاموش رہتے۔ تو میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ تکبیر اور قراءت کے درمیان جو یہ خاموشی اختیار فرماتے ہیں، اس میں کیا پڑھتے ہیں؟ آپ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا: میں یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) پڑھتا ہوں۔ (صحیح مسلم، جلد 1، صفحہ 419، رقم الحدیث: 598، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی)

نوٹ: خیال رہے کہ ان جیسی تمام دعاؤں میں ہم گنہگاروں کو تعلیم دینا مقصود ہے، ورنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر طرح طیب و طاہر تھے، ہیں اور رہیں گے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان تو بہت بلند و بالا ہے۔ جس پر حضور کی نگاہ کرم ہو جائے وہ پاک ہو جائے۔ (مرآۃ المناجیح، جلد 2، صفحہ 41، نعیمی کتب خانہ گجرات)

تنبیہ: اوپر ذکر کردہ دعا صرف نفل نماز میں تکبیر تحریمہ کے بعد پڑھی جائے گی جیسا کہ بہار شریعت میں ہے: "تحریمہ کے بعد فوراً ثنا پڑھے۔۔۔ اور دیگر اذکار جو احادیث میں وارد ہیں وہ سب نفل کے لئے ہیں۔ (بہار شریعت، حصہ3، صفحہ523، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net